ہفت روزہ
ندائے خلافت
لاہور
www.tanzeem.org
49
4تا10محرم الحرام1431ھ/22تا28دسمبر2009ء

اس شمارے میں

شیطانِ بزرگ ہمارا اصل دشمن
پاکستان کا داخلی اضطراب اور خارجی خطرات
پاکستان خودکشی کے راستے پر
شجاع الدین شیخ سے انٹرویو
افغانستان پر روسی قبضہ اور امریکہ
شدت پسندی کا خاتمہ؟
عدل کی اینٹیں اور بے انصافی
اشاریہ مضامین ندائے خلافت

اپنی مشیّت کو اللہ ہی جانتا ہے

زمان و مکان، جگہ اور ماحول، یار و مددگار، جذبات و احساسات، معاشرے اور فرد، قوت اور ضعف یہ سب ہماری محدود سوچ اور ناقص عقل کے اندازوں سے ناپے جاتے ہیں۔ ہمارے ان پیمانوں کا اللہ حکیم و خبیر کے تصرفات اور حکم کے مقابلے پر کیا وزن ہو سکتا ہے؟ اس کے احکام غیر مبدّل اور اٹل ہوتے ہیں۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کی نظروں میں عمرؓ کی بڑی قدر تھی۔ اللہ ان سے راضی اور خوش تھا۔ پھر یہ اس کی حکمت و قدرت کا عجیب کرشمہ ہے کہ ایک فاسق و فاجر کافر کے ہاتھوں انہیں شہید کروادیا۔ اللہ چاہتا تو ان کی حفاظت کر سکتا تھا۔ مگر اسے یہی منظور تھا جو ہو کر رہا۔ ہمیں عجلت میں کبھی یہ نہیں سوچنا چاہیے کہ اللہ تعالیٰ اپنے دوستوں کو بے یار و مددگار چھوڑ دیتا ہے اور ان کے دشمنوں کو ان پر مسلط ہونے کا موقع فراہم کر دیتا ہے۔ یہ اللہ کی مشیت کے معاملے ہیں اور اپنے فیصلوں کی حکمت وہی جانتا ہے۔

جب انسان پر ابتلاء و آزمائش آجائے تو شیطان بھی اس کے دل میں شکوک و شبہات ڈالنے شروع کر دیتا ہے۔ اللہ پر ایمان کی کمزوری اور دین سے بے خبری انسان کو مختلف قسم کے فتنوں میں مبتلا کر دیتی ہے۔ اگر آسانیاں پیدا ہوں تو انسان بڑی جرأت دکھاتا ہے اور جہاں مشکل گھاٹی آجائے، وہاں اس کی ہمت جواب دے جاتی ہے۔ اللہ کے مخلص بندے ہر حال میں یکسو اور یک رخ رہتے ہیں۔ ’’بہار ہو کہ خزاں لاالٰہ الا اللہ‘‘ ان کا شعار ہوتا ہے۔

’’عمرؓ بن الخطاب‘‘
سید عمر تلمسانی

الھدیٰ (400)

سورۃ الانفال

(تعارف III)

ڈاکٹر اسرار احمد

بسم اللہ الرحمٰن الرّحیم

ادھر آپؐ پر وحی بھی آ گئی۔ اللہ تعالیٰ نے بتا دیا کہ دو صورتیں ہیں، جنوب سے مکہ کی طرف ایک لشکر کیل کانٹے سے لیس آ رہا ہے۔ اور شمال سے ایک قافلہ آ رہا ہے۔ میرا وعدہ ہے کہ دونوں میں سے ایک ضرور تم کو دے دوں گا۔ یہ اہل ایمان کو بتا دیجیے اور مشورہ کیجیے۔ چنانچہ یہ مشاورت مدینے سے نکل کر مقام صفراء پر ہوئی۔ چونکہ مسلمان مدینہ سے جنگ کے لیے تیار ہو کر نہ نکلے تھے، اس لیے بعض کی رائے یہ ہوئی کہ تجارتی قافلے پر حملہ کرنا زیادہ مفید اور آسان ہے، مگر حضورؐ کو یہ رائے پسند نہ تھی۔ حضرت ابوبکر، عمر، مقداد بن الاسود اور سعد بن معاذ ﷺ کی ولولہ انگیز تقاریر کے بعد فوجی مہم کا مقابلہ کرنے کا فیصلہ ہوا۔ اگر یہ صورت حال سامنے نہ ہو تو ان آیات کو سمجھنے میں بہت خلجان پیدا ہوتا ہے۔ برصغیر پر برطانوی دور اقتدار میں ہم پر مغربی تہذیب کا حملہ ہوا۔ مغرب کے لوگوں نے کہا کہ اسلام تو تلوار کے زور پر پھیلا ہے ع بوئے خون آتی ہے اس قوم کے افسانوں سے۔ اس کا ردعمل یہ ہوا کہ یہاں کے کچھ مخلص اور نیک لوگوں نے سیرتِ رسول ﷺ اور اسلام کو اس بات سے بچانا چاہا اور کہا کہ نہیں حضورؐ کی جنگیں بس مدافعانہ تھیں۔ آپؐ نے ازخود کوئی اقدام نہیں کیا۔ اس ضمن میں علامہ شبلیؒ کا نام نمایاں ہے۔ وہ سرسید احمد خان کے زیر اثر تھے۔ مغربی افکار و خیالات، تہذیب و تمدن، اقدار اور نظریات کا جو ریلا آ رہا تھا، اُس کا مقابلہ کرنا آسان نہ تھا۔ لہٰذا علامہ شبلیؒ نے اس موقع پر معذرت خواہانہ (Opologetic) انداز اختیار کرتے ہوئے جنگ بدر سے قبل کے آٹھ غزوات و سرایہ کو تقریباً نظر انداز کر دیا، تاکہ یہ ثابت نہ ہو کہ اقدام حضورؐ کی طرف سے ہوا۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ اسلام ایک مکمل دین ہے، جو اپنا غلبہ چاہتا ہے۔ رسول اللہ ﷺ کو دین غالب کرنے کے لیے بھیجا گیا تھا اور غلبہ حاصل کرنے کے لیے صرف دفاعی انداز کافی نہیں ہوتا، اقدام کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔ انقلابی جدوجہد میں پہلا مرحلہ محض (passive resistance) کا ہوتا ہے، جس میں قوت فراہم کی جاتی ہے۔ پھر اگلے مرحلے میں باطل نظام کے ساتھ ٹکرانا پڑتا ہے۔ حق و باطل کے درمیان peaceful coexistance ہو ہی نہیں سکتی۔ حق کیسے تسلیم کر سکتا ہے کہ باطل بھی موجود رہے، اِلّا یہ کہ نیچا ہو کر رہے۔ یہ الگ بات ہے کہ حق میں جان ہی نہ ہو، پھر تو مجبوری ہے۔ لیکن باطل کا غلبہ ہو اور اہل ایمان میں جان بھی ہو تو یہ ممکن نہیں، کیونکہ ضدین جمع نہیں ہو سکتیں۔ اس تفصیل سے اصل حقائق اچھی طرح واضح ہو گئے ہیں۔

یہ سورت تقریباً مسلسل ایک خطبہ ہے۔ لیکن حکمت کے تحت درمیان میں سے ایک خاص مسئلہ نکال کر سورت کے شروع میں لے آئے ہیں۔ آگے چل کر اس اسلوب سے ہمیں سورۂ توبہ کی ترتیب مضامین سمجھنے میں مدد ملے گی۔ وہاں بھی بہت اشکال ہے۔ دورِ جدید کے جو مترجمین اور مفسرین زیادہ محنت نہیں کر سکے، انہوں نے یہاں دقت نظر کا ثبوت نہیں دیا۔

اس پوری بحث میں ایک نمایاں مسئلہ یہ پیدا ہوا کہ غزوۂ بدر کے بعد مال غنیمت کے معاملہ میں مسلمانوں میں جھگڑا ہو گیا۔ یہ پہلی جنگ تھی۔ غنیمت کی تقسیم کا ضابطہ معلوم نہ تھا۔ عربوں میں رواج یہ تھا کہ جو جس کے ہاتھ آئے وہ اس کا۔ کیونکہ وہ تو لوٹ مار جانتے تھے۔ کوئی باقاعدہ اور منظم جنگ تو اُن کے ہاں متعارف نہ تھی۔ مجاہدین بدر کے سامنے تو پرانا رواج ہی تھا۔ اس پر کچھ لوگوں نے کہا کہ ہم حضور ﷺ کی حفاظت پر مامور تھے، ہم تو کچھ اکٹھا نہیں کر سکے۔ پھر تو جوانوں نے تو بھاگ دوڑ کر لی ہے، مگر بڑی عمر کے لوگ اتنی تگ و دو نہیں کر سکے۔ تو جھگڑا پیدا ہوا کہ غنیمت کا مال کس طرح تقسیم ہو۔ چنانچہ اسی جھگڑے کے ذکر سے سورت شروع ہوئی۔ اگرچہ تقسیم غنیمت کا اصل حکم بعد میں سورت کے وسط میں آئے گا مگر اہمیت اور اصول کی بات آغاز میں لا کر حقیقت واضح کر دی۔

فرمان نبویؐ

پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

امارت کی ذمہ داری

عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ ؓ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ : ((یَا اَبَا ذَرٍّ اِنِّیْ اَرَاکَ ضَعِیْفًا وَاِنِّیْ اُحِبُّ لَکَ مَا اُحِبُّ لِنَفْسِیْ فَلَا تَأَمَّرَنَّ عَلَی اثْنَیْنِ وَلَا تَوَلَّیَنَّ مَالَ یَتِیْمٍ)) (رواہ المسلم)

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا: ’’ابوذر! میں تجھے کمزور آدمی سمجھتا ہوں‘ میں تیرے لئے وہی پسند کرتا ہوں جو اپنے لئے پسند کرتا ہوں۔ تو دو آدمیوں پر بھی ’’امیر‘‘ نہ بن اور نہ تو یتیم کے مال کی نگرانی اور سرپرستی کر‘‘۔

حضور ﷺ نے حضرت ابوذر غفاری ؓ کو یہ مشورہ دیا کہ تم ایک کمزور اور ناتواں آدمی ہو‘ کسی علاقہ کی امارت تو کجا اگر صرف دو آدمی تمہیں اپنا امیر بنانا چاہیں تو صاف انکار کر دینا، کیونکہ امیر ہونے کی حیثیت سے جو ذمہ داریاں تم پر عائد ہوں گی تم ان سے عہدہ برآ نہ ہو سکو گے۔ اس کے علاوہ کسی یتیم کی جائداد کی نگرانی اور تولیت کا بوجھ بھی اپنے ناتواں کندھے پر نہ رکھنا۔ یہ مشورہ احساس ذمہ داری اور آخرت کے دن اللہ کی عدالت میں جوابدہی کے عقیدہ پر مبنی ہے۔

اداریہ
ایوب بیگ مرزا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شیطانِ بزرگ (امریکہ) ہمارا اصل دشمن

"امریکہ کی دوستی اُس کی دشمنی سے کہیں زیادہ خطرناک ہے"۔ یہ اتنی بڑی حقیقت ہے کہ خود سابق امریکی وزیر خارجہ ہنری کسنجر بھی اس کا اعتراف کرنے پر مجبور ہوئے۔ گویا یہ گھر کے بھیدی کا انکشاف ہے۔ امریکہ پاکستان دوستی کی تاریخ پر نظر دوڑائی جائے تو یہ حقیقت سامنے آتی ہے کہ پاکستان کے لیے تو امریکہ کی دوستی نہایت ہلاکت خیز ثابت ہو رہی ہے۔ گزشتہ صدی کے وسط میں جب امریکہ سوویت یونین کی بڑھتی ہوئی قوت سے لرزاں تھا تو پاکستان کو سیٹو اور سینٹو کا رکن بنالیا گیا، کیونکہ اپنے جغرافیائی محلِ وقوع کے سبب پاکستان سوویت یونین کے خلاف مفید اتحادی ثابت ہوسکتا تھا۔ چنانچہ جب سوویت یونین نے افغانستان پر حملہ کرنے کی حماقت کی تو پاکستان کو بھرپور طور پر استعمال کیا گیا، یہاں تک کہ سوویت یونین شکست وریخت سے دوچار ہوگیا۔ لیکن اپنے دوست کے ساتھ امریکہ کا رویہ ہمیشہ دشمنانہ رہا ہے۔ 1962ء میں ہند چینی سرحدی جھڑپوں کو جواز بنا کر امریکہ نے طوطا چشمی کا مظاہرہ کرتے ہوئے پاکستان کے ازلی دشمن بھارت کے قدموں میں اسلحہ بارود کے ڈھیر لگادیے اور پاکستان کو انتباہ کیا کہ وہ کشمیر کے بارڈر خالی ہونے سے قطعی طور پر کوئی فائدہ نہ اُٹھائے۔ گویا پاکستان کو اپنی شہ رگ کشمیر کو ہندوستان کے چنگل سے نجات دلانے کا جو موقع ملا تھا، امریکہ نے ہمیں اس سے فائدہ اُٹھانے نہ دیا، بلکہ بھارت کے مفادات کا تحفظ کیا۔ اسی طرح امریکہ نے 1965ء کی پاک بھارت جنگ میں پاکستان کو اسلحہ اور فالتو پرزہ جات کی دورانِ جنگ سپلائی بند کرکے ہماری پیٹھ میں خنجر گھونپنے سے دریغ نہ کیا، جبکہ پاکستان کا مکمل انحصار امریکی اسلحہ پر تھا۔ 1971ء میں پاکستان کو دولخت کرنے میں بھی امریکہ نے کلیدی کردار ادا کیا۔ اس کا انکشاف خود امریکی وزیر خارجہ نے اپنی کتاب میں کیا ہے۔ 1979ء میں جہادِ افغانستان کے لیے امریکہ نے دنیا بھر میں اسلام اور جہاد کے حوالہ سے صدا لگائی، مجاہدین کو جمع کیا، انہیں سرمایہ اور اسلحہ فراہم کیا، یعنی اپنے مفادات کے لیے پاکستان کو خوب استعمال کیا لیکن جونہی یہ مقصد حاصل ہوا اور سوویت یونین کو شکست ہوئی تو امریکہ نے لاتعلقی اختیار کرلی۔

نائن الیون کے بعد امریکہ کا ایک نیا روپ سامنے آیا۔ جن لوگوں کو اُس نے روس کے خلاف جہاد کی ترغیب دی تھی اور اُنہیں مجاہدِ اسلام قرار دے کر ہیرو کے طور پر پیش کیا تھا، اُنہیں یکلخت دہشت گرد قرار دے دیا گیا۔ پاکستان کے قبائلی علاقوں کو اُن کی پناہ گاہ قرار دے کر خود بھی اُن پر میزائل اور ڈرون حملے شروع کردیے اور پاکستان کو بھی مجبور کیا کہ اُن مجاہدین کے خلاف ملٹری آپریشن کرے۔ نتیجہ یہ نکلا کہ ردِعمل میں جنگجو قبائلی بھی میدان میں نکل آئے اور پاکستان کی فوج اور قبائلی مسلمانوں کے درمیان خونریز جنگ شروع ہوگئی، جس سے پاکستان کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا اور اب پاکستان کی فوج ایک دلدل میں پھنس گئی ہے کہ اُس سے نکلنا اب محال نظر آرہا ہے۔

اسلام آباد اور لاہور جیسے اہم شہروں میں نہایت اعلیٰ پائے کے جدید اسلحے کے ساتھ امریکیوں کا سیاہ شیشے والی جدید ماڈل کی گاڑیوں میں دندناتے پھرنا اور پوچھ گچھ پر مقامی سول یا ملٹری انتظامیہ کو گولی مارنے کی دھمکی دینے کے واقعات سے یہ بات ثابت ہوگئی ہے کہ پاکستان کے شہروں میں ہونے والی دہشت گردی کو امریکہ کی پشت پناہی حاصل ہے۔ بلیک واٹر اور دوسری بدنام زمانہ خفیہ ایجنسیوں کی کارروائیاں اپنی جگہ جاری ہیں۔ حقیقت میں امریکہ یہ چاہتا ہے کہ یہ ظاہر کرکے کہ پاکستان کے حالات

تا خلافت کی بنا' دنیا میں ہو پھر استوار
لا کہیں سے ڈھونڈ کر اسلاف کا قلب و جگر

قیام خلافت کا نقیب

ہفت روزہ — لاہور

ندائے خلافت

جلد 18 — 4 تا 10 محرم الحرام 1431ھ — 22 تا 28 دسمبر 2009ء — شمارہ 49

بانی: اقتدار احمد مرحوم
مدیر مسئول: حافظ عاکف سعید
نائب مدیر: محبوب الحق عاجز

مجلس ادارت
سید قاسم محمود۔ ایوب بیگ مرزا
محمد یونس جنجوعہ
نگران طباعت: شیخ رحیم الدین

پبلشر: محمد سعید اسعد، طابع: رشید احمد چودھری
مطبع: مکتبہ جدید پریس، ریلوے روڈ لاہور

مرکزی دفتر تنظیم اسلامی:
67۔اے علامہ اقبال روڈ گڑھی شاہو لاہور۔54000
فون: 36316638-36366638 فیکس: 36271241
E-Mail:markaz@tanzeem.org
مقام اشاعت: 36۔کے ماڈل ٹاؤن لاہور۔54700
فون: 03-35869501 فیکس: 35834000
publications@tanzeem.org

قیمت فی شمارہ 10 روپے

سالانہ زرِ تعاون
اندرون ملک......300 روپے
بیرون پاکستان
انڈیا---------------(2000 روپے)
یورپ، ایشیا، افریقہ وغیرہ (2500 روپے)
امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا وغیرہ (3000 روپے)
ڈرافٹ، منی آرڈر یا پے آرڈر
"مکتبہ خدام القرآن" کے عنوان سے ارسال کریں
چیک قبول نہیں کیے جاتے

"ادارہ" کا مضمون نگار حضرات کی رائے سے پورے طور پر متفق ہونا ضروری نہیں

وہاں کی حکومت اور فوج کے کنٹرول میں نہیں رہے، مشرقی سرحد سے بھارت اور مغربی سرحد سے نیٹو کی افواج پاکستان میں داخل کردی جائیں اور جاسوسی کا وہ نیٹ ورک جو بدقسمتی سے ہماری اپنی حکومت کی حماقت اور نااہلی سے امریکہ پاکستان میں قائم کرنے میں کامیاب ہو چکا ہے، وہ اُس کی مدد سے پاکستان کے ایٹمی اثاثہ جات کو ناکارہ بنادے۔ کمبوڈیا ہو یا لاطینی امریکہ، پاکستان ہو یا ایران امریکہ نے جس کو بھی دوست بنایا اُس سے یہی سلوک کیا، اسی لیے ایران نے اُسے ”شیطانِ بزرگ“ کا نام دیا تھا۔

ہم پاکستان کے عوام سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ اپنے اصل دشمن کو پہچانیں، اور اجتماعی کوشش کے ذریعے اِس ”شیطان بزرگ“ کے ناپاک عزائم کو ناکام بنادیں۔ یاد رکھیے، اس سپر پاور کا مقابلہ ہم کائنات کی حقیقی اور ابدی سپریم پاور یعنی اللہ رب العزت کی مدد کے بغیر نہیں کرسکتے۔ آیئے، اللہ کی مدد حاصل کرنے کے لیے اللہ کی طرف رجوع کریں، اپنے سابقہ گناہوں کی معافی مانگیں، خود بھی حقیقی مسلمان بنیں اور پاکستان کو حقیقی معنوں میں اسلامی فلاحی ریاست بنانے یعنی یہاں خلافت راشدہ جیسا نظام قائم کرنے کے لیے سرگرم عمل ہو جائیں۔ اگر ہم یہ کام کریں گے تو اللہ کا وعدہ ہے کہ وہ ضرور ہماری مدد کرے گا۔ امریکہ کو یہاں سے نکال باہر کرنے اور پاکستان کو بچانے کا یہی واحد راستہ ہے۔ وگرنہ ہمارا یہ دشمن ہمیں تباہ و برباد کردے گا۔

ہم حکومت سے بھی مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ اس نام نہاد دہشت گردی کی جنگ سے بلا تاخیر علیحدگی اختیار کرے اور امریکہ سے ہر قسم کی مدد لینے سے انکار کردے، کیونکہ امریکہ وہ سفید ڈائن ہے کہ جس سے چمٹ جائے اُس کا خون چوس لیتی ہے۔ ہماری نجات اور سلامتی کا تقاضا ہے کہ ہم امریکہ سے دوری اور لاتعلقی اختیار کریں۔ یوں بھی امریکہ کی یہ جنگ جس میں پاکستان اس کا فرنٹ لائن اتحادی کا کردار ادا کر رہا ہے، درحقیقت اسلام اور مسلمانوں کے خلاف صلیبی جنگ ہے۔ اس سے فوری طور پر باہر نکلنا ہمارے دین و ایمان کا بھی اولین تقاضا ہے۔

بقیہ: اشاریہ

34. xxxx
35. Ideas Before Bullets - I (Asim Salahuddin)
36. xxxx
37. Taliban and the bogey of terrorism (Charles Ferndal)
38. Ideas before bullets. (II) (Asim Salahuddin)
39. Ideas before bullets. (III) (Asim Salahuddin)
40. xxxx
41. Mystery of kerry lugar conditions solved? (Shaheen Sehbai)
42. The crusade against hijab:then & Now! (Khalid Baig)
43. Islamic or Secular Pakistan? (Dr. Muzaffar Iqbal)
44. US Embassy rejects Misuse of Sihala College facility (Ansar Abbasi & Shakil Anjum)
45. Patience in hardships (S Roman Ahsan)
46. Pakistan the Next US Target-I (Salik Malik)
47. Pakistan the Next US Target-II (Salik Malik)
48. Jinnah's vision of Islamic Ideological Pakistan (Muhammad Faheem)
49. Aid with Dignity or No Aid (Muhammad Faheem)

[redacted]

شیخ محمد امین (والد عبد اللہ سلیم رفیق تنظیم اسلامی ساہیوال) کا قضائے الٰہی سے انتقال ہوگیا ہے۔

تنظیم اسلامی اسلام آباد شرقی کے مبتدی رفیق سہیل انور کے چھوٹے بھائی ایکسیڈنٹ میں جاں بحق ہوگئے۔

تنظیم اسلامی حلقہ کراچی شمالی (نیو کراچی) کے رفیق شاہد اکرم رحلت فرماگئے۔

تنظیم اسلامی گوجرخان غربی کے مبتدی رفیق بشارت حسین وفات پاگئے۔

تنظیم اسلامی میرپور اُسرہ جاتلاں کے ملتزم رفیق غلام سلطان کی والدہ محترمہ اور ملتزم رفیق قاضی محمود اختر کے بھائی وفات پاگئے۔

اللہ تعالیٰ مرحومین و مرحومات کی مغفرت فرمائے۔ رفقاء و احباب سے بھی دعائے مغفرت کی درخواست ہے۔

[redacted]

شیخ انیس الرحمان کا بائی پاس آپریشن ہوا ہے۔

تنظیم اسلامی کے حلقہ کراچی جنوبی کے ناظم مکتبہ عبدالرزاق کو ڈاوی کے بڑے بھائی کی ٹانگ کا آپریشن ہوا ہے۔

اللہ تعالیٰ بیماروں کو شفائے کاملہ عاجلہ عطا فرمائے۔ قارئین اور رفقاءِ تنظیم اسلامی سے بھی دُعائے صحت کی درخواست ہے۔

ضرورت رشتہ

کراچی میں رہائش پذیر، ملتزم رفیق تنظیم اسلامی، عمر 38 سال، برٹش اسکول ٹیچر کو دوسری شادی کے لیے (پہلی بیوی سے بوجوہ علیحدگی) شرعی پردے کی پابند خاتون کا رشتہ درکار ہے۔ مطلقہ/خلع یافتہ بھی قابلِ قبول ہیں۔

برائے رابطہ: 0307-2852548

ندائے خلافت، میثاق اور **حکمت قرآن** کے انٹرنیٹ ایڈیشن
تنظیم اسلامی کی ویب سائٹ www.tanzeem.org پر ملاحظہ کیجیے

پاکستان کا داخلی اضطراب اور خارجی خطرات

پس چہ باید کرد؟

مسجد دارالسلام باغ جناح لاہور میں امیر تنظیم اسلامی محترم حافظ عاکف سعید صاحب کے 4 دسمبر 2009ء کے خطاب جمعہ کی تلخیص

[سورۃ النحل آیات 112، سورۃ الرعد آیات 41، 42 اور سورۃ الصف آیات 10، 11 کی تلاوت اور خطبہ مسنونہ کے بعد]

حضرات! عید کے بعد ملک کے داخلی اور خارجی سطح پر جو حالات سامنے آئے ہیں، وہ نہایت سنگین ہیں۔ ایسا دکھائی دیتا ہے کہ بد سے بدتر اور بدتر سے بدترین کا سفر تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے۔ عید کے بعد عوام کو داخلی سطح پر جو پہلا تحفہ ملا وہ بجلی اور تیل کی قیمتوں میں اضافہ ہے۔ یہ دراصل اللہ تعالیٰ کی طرف سے عذاب ہے۔ جیسا کہ سورۃ النحل میں فرمایا:

﴿وَضَرَبَ اللّٰہُ مَثَلًا قَرْیَۃً کَانَتْ اٰمِنَۃً مُّطْمَئِنَّۃً یَّاْتِیْھَا رِزْقُھَا رَغَدًا مِّنْ کُلِّ مَکَانٍ فَکَفَرَتْ بِاَنْعُمِ اللّٰہِ فَاَذَاقَھَا اللّٰہُ لِبَاسَ الْجُوْعِ وَالْخَوْفِ بِمَا کَانُوْا یَصْنَعُوْنَ ﴿۱۱۲﴾﴾

”اور اللہ ایک بستی کی مثال بیان فرماتا ہے کہ وہ (ہر طرح) امن چین سے بستی تھی۔ ہر طرف سے رزق بافراغت چلا آتا تھا مگر ان لوگوں نے اللہ کے نعمتوں کی ناشکری کی تو اللہ نے ان کے اعمال کے سبب ان کو بھوک اور خوف کا لباس پہنا کر (ناشکری کا) مزہ چکھا دیا۔“

پاکستان پر اس وقت خوف و دہشت اور بھوک دونوں قسم کے عذابات مسلط ہو چکے ہیں۔ بھوک کے عذاب کا ایک مظہر بدترین مہنگائی کی شکل میں ہے۔ پہلے تو یہ کہا جاتا تھا کہ فوجی آمریت کی نحوست ٹل جائے تو مہنگائی کا یہ سیلاب تھم جائے گا۔ لیکن اب تو عوامی حکومت بھی آ گئی، مگر مہنگائی کا یہ ریلا تھمنے کی بجائے پہلے سے بھی زیادہ تیزی کے ساتھ بڑھ رہا ہے۔ پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں ماضی میں 2 اور 1 کی نسبت رہی ہے۔ ڈیزل کی قیمتیں کم ہونے کی وجہ یہ تھی کہ زرعی مقاصد کے لیے استعمال ہونے والی مشینری اور پبلک ٹرانسپورٹ ڈیزل پر چلتی ہے۔ لہٰذا پٹرول کے مقابلے میں ڈیزل کی کم قیمتیں مقرر کر کے عوام کو ریلیف دیا جاتا تھا۔ اب پٹرول سے بڑھ کر ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ کر کے سارا بوجھ عوام پر ڈال دیا گیا ہے۔ گویا مہنگائی کا سونامی منہ کھولے کھڑا ہے۔ تیل کی قیمتیں بڑھنے سے دیگر تمام اشیاء کی قیمتیں بڑھ جائیں گی۔ غریب آدمی جس کی ماہانہ تنخواہ یا اجرت بمشکل پانچ چھ ہزار روپے ہوتی ہے، اب اُس کا جینا دوبھر ہو جائے گا۔

مقام غور ہے کہ عوام پر مہنگائی کے یہ بم کیوں گرائے جا رہے ہیں؟ اس کا اصل سبب کیا ہے؟ اس کی اصل وجہ آئی ایم ایف اور ورلڈ بینک کی معاشی غلامی ہے۔ ہم عالمی مالیاتی اداروں کے غلام ہیں۔ لہٰذا وہاں سے جو حکم آتا ہے، ہمارے فوجی یا سویلین حکمران اُس کی تعمیل کو لازم خیال کرتے ہیں۔ یہ ادارے ہمیں حیوانیت کی بدترین سطح تک پہنچا دینا چاہتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ عوام کا خون اور نچوڑو، انہیں معاشی مسائل میں اس قدر الجھا دو کہ وہ کولہو کی بیل بن جائیں۔ موجودہ حکومت نے بھی دو سے کوئی ریلیف نہیں دیا جا رہا ہے۔ یہ صورتحال قوم کے لیے شدید مایوسی کی ہے۔

مہنگائی کے اس سونامی کا نتیجہ کیا نکلے گا؟ اس کے تین نتائج نکلیں گے۔ ایک یہ کہ اس سے جرائم اور کرپشن کی شرح میں اضافہ ہوگا۔ جب مفلوک الحال لوگ دن بھر کی سخت مشقت کے بعد بھی اپنی اور خاندان کی بنیادی ضروریات پوری نہیں کر سکیں گے تو پھر وہ سرمایہ داروں کا پیٹ چاک کریں گے اور بھتے وصول کریں گے۔ دوسرے یہ کہ اس سے خودکشیوں کی شرح میں اضافہ ہوگا۔ یعنی جن لوگوں میں کرپشن اور دوسروں کا پیٹ چاک کرنے کی ہمت نہیں ہوگی، اُن کے لیے ”قہر درویش بر جان درویش“ کا معاملہ ہوگا۔ وہ اپنی ہی جان کو ختم کریں گے۔ تیسرے یہ کہ اس سے نوجوان طبقے کے دلوں میں پاکستان کے مستقبل کے حوالے سے مایوسی مزید بڑھے گی۔ ہمارا جو ہر قابل اپنی صلاحیتیں یہاں کھپانے کی بجائے بیرون ملک جانے کو ترجیح دے گا۔ جس جس کو موقع ملے گا، وہ ملک سے باہر بھاگے گا۔ آپ مصنوعی طریقے سے الیکٹرانک میڈیا

> مقام غور ہے کہ عوام پر مہنگائی کے یہ بم کیوں گرائے جا رہے ہیں؟ اس کا اصل سبب آئی ایم ایف اور ورلڈ بینک کی معاشی غلامی ہے۔ یہ ادارے ہمیں حیوانیت کی بدترین سطح تک پہنچا دینا چاہتے ہیں

سالوں کے دوران کئی ارب ڈالر بطور قرض لیے جو قوم کے مستقبل کو اور زیادہ تاریک کرنے اور اُسے معاشی غلامی کی زنجیروں میں جکڑنے کے مترادف ہے۔ طرفہ تماشا یہ ہے کہ اس سارے قرض سے حکمرانوں کی تجوریاں بھری جا رہی ہیں۔ اسے ارکانِ پارلیمنٹ کی مراعات اور افسران کی عیاشیوں کی نذر کیا جا رہا ہے۔ غریب آدمی کو اس قرض کا سہارا لے کر پاکستانیت کو خواہ کتنا بھی نمایاں کرنے کی کوشش کریں، پاکستانیت نمایاں نہیں ہوگی، اس لیے کہ آپ لوگوں کے احساسات پر پہرے نہیں بٹھا سکتے۔ خدارا! سیاسی، گروہی اور جماعتی وابستگیوں سے بالاتر ہو کر یہ سوچئے کہ ہم کہاں جا رہے ہیں، اور اس مسئلہ کا حل کیا ہے؟

یہ تو داخلی صورتحال ہے، خارجی سطح پر نگاہ ڈالئے۔ الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا کے ذریعے خارجی محاذ کی جو تصویر دکھائی جا رہی ہے، وہ بھی نہایت خوفناک ہے۔ پاکستان کے گرد گھیرا مسلسل تنگ کیا جا رہا ہے، بلکہ پورے عالم اسلام کے گرد دائرہ تنگ ہو رہا ہے۔ سورۃ الرعد میں فرمایا:

﴿اَوَلَمْ یَرَوْا اَنَّا نَاْتِی الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا ؕ وَاللّٰهُ یَحْكُمُ لَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهٖ ؕ وَهُوَ سَرِیْعُ الْحِسَابِ ﴿۴۱﴾ وَقَدْ مَكَرَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلِلّٰهِ الْمَكْرُ جَمِیْعًا ؕ یَعْلَمُ مَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ ؕ وَسَیَعْلَمُ الْكُفّٰرُ لِمَنْ عُقْبَى الدَّارِ ﴿۴۲﴾﴾

’’کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم زمین کو اس کے کناروں سے گھٹاتے چلے آتے ہیں اور اللہ (جیسا چاہتا ہے) حکم کرتا ہے کوئی اس کے حکم کا رد کرنے والا نہیں اور وہ جلد حساب لینے والا ہے۔ جو لوگ ان سے پہلے تھے وہ بھی (بہتری) چالیں چلتے رہے ہیں۔ سو چال تو سب اللہ ہی کی ہے ہر متنفس جو کچھ کر رہا ہے وہ اسے جانتا ہے اور کافر جلد معلوم کریں گے کہ عاقبت کا گھر (یعنی انجام محمود) کس کے لیے ہے۔‘‘

ان آیات میں اصل خطاب مشرکین مکہ سے ہے۔ انہیں کہا جا رہا ہے کہ اگرچہ اس وقت اسلام کو فیصلہ کن قوت حاصل نہیں، مگر جوں جوں اسلامی دعوت آگے بڑھ رہی ہے، توں توں کفر کی عملداری گھٹتی چلی جا رہی ہے۔ ہم آہستہ آہستہ کفر کی حکومت کو دباتے اور اُس کا دائرہ تنگ کرتے چلے جا رہے ہیں۔ لہٰذا انجام بینی کا تقاضا یہ ہے کہ کفار اسلام کا راستہ روکنا چھوڑ دیں۔ آنے والے چیز کو آئی ہوئی سمجھیں ــــ اس کے برعکس صورتحال آج ہمیں درپیش ہے۔ آج نہ صرف پاکستان بلکہ پوری ملت اسلامیہ کے حوالے سے ہمیں یہ دکھائی دے رہا ہے کہ کفر کا دائرہ پھیل رہا ہے، اور اعدائے اسلام اسلام کا قافیہ حیات تنگ کرتے چلے جا رہے ہیں۔ اس کی تازہ ترین مثال سوئٹزر لینڈ میں مساجد کے میناروں پر پابندی ہے۔ یہ پابندی اسلام کے خلاف کثیر الجہتی جنگ کا مظہر ہے۔ اسلام کے خلاف عالمی سطح پر جو سازش ہو رہی ہے، یہ اُس کا حصہ ہے۔ یہ الگ بات ہے کہ اسلام دشمن قوتیں اسلام کا راستہ کبھی نہیں روک سکیں گی۔ اس لیے کہ ؎

اسلام کی فطرت میں قدرت نے لچک رکھ دی
اتنا ہی یہ اُبھرے گا جتنا کہ دباؤ گے

افسوسناک بات یہ ہے کہ ویٹیکن اور یو این او نے تو سوئس حکومت کے اس فیصلے کی مذمت کی ہے، مگر مسلمان حکمرانوں نے اس کے خلاف زوردار آواز اُٹھانے کی ذرا بھی ضرورت محسوس نہیں کی۔ انہیں اندیشہ ہے کہ اگر وہ ایسا کریں گے تو اُن کا آقا امریکہ اُن سے ناراض ہو جائے گا۔

امریکہ کی نئی افغان پالیسی بھی دراصل پاکستان کے گھیراؤ کی پالیسی ہے۔ اوباما کی تقریر سے یہ بات تو واضح ہو گئی ہے کہ امریکہ نے افغانستان میں اپنی شکست

حافظ عاکف سعید

پریس ریلیز

فتوے لینے اور دینے سے خودکش حملے ختم نہیں ہوں گے بلکہ اس کے لیے اس ظلم اور ناانصافی کا تدارک کرنا ضروری ہے، جس کے ردِّعمل میں یہ حملے ہو رہے ہیں

این آر او کو ناجائز اور غیر آئینی قرار دینا اسلامی اقدار اور عوامی امنگوں کے مطابق ہے

1- علماء اس پر متفق ہیں کہ خودکش حملے حرام ہیں لیکن علماء کا کہنا ہے کہ فتوے لینے اور دینے سے خودکش حملے ختم نہیں ہوں گے بلکہ اس کے لیے اس ظلم اور ناانصافی کا تدارک کرنا ضروری ہے، جس کے ردِّعمل میں یہ حملے ہو رہے ہیں۔ رحمٰن ملک کو علماء سے یہ بھی پوچھنا چاہیے کہ اسلام کی جڑیں کھودنے کے لیے امریکہ کا ساتھ دینے پر کیا ہم مسلمان کہلانے کے قابل رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار امیر تنظیم اسلامی حافظ عاکف سعید نے مسجد دارالسلام باغ جناح میں خطاب جمعہ کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ قیام پاکستان کے بعد ہم نے وعدے کے مطابق یہاں دین قائم نہیں کیا، چنانچہ سزا کے طور پر ملک دولخت ہو گیا لیکن ہمارے شب و روز میں کوئی تبدیلی نہیں آئی۔ ہم پر دوسرا امتحان نائن الیون کے واقعہ کے بعد آیا، جس میں ہم طالبان کی اسلامی حکومت کے خاتمے کے لیے امریکہ کا فرنٹ لائن اتحادی بن کر بری طرح ناکام ہو گئے۔ اسی غلط فیصلے کا نتیجہ ہے کہ امریکہ کی یہ جنگ اب ہماری جنگ بن چکی ہے۔ عالم کفر مسرور ہے کہ مسلمان آپس میں لڑ رہے ہیں اور مسلمانوں کی بہترین فوج اپنے لوگوں کو مار رہی ہے۔ ملک کے سنجیدہ طبقات اس پر متفق ہیں کہ قبائلی علاقوں میں فوجی ایکشن مسئلے کا حل نہیں بلکہ مزید بگاڑ کا باعث ہے۔ جب تک یہ رہے گا ردِّعمل میں اضافہ ہوتا رہے گا۔ حافظ عاکف سعید نے کہا کہ بش ہو یا اوبامہ سب یہود کے ہاتھوں میں کٹھ پتلیاں ہیں۔ یہ یہود کی مرضی کے بغیر کچھ نہیں کر سکتے۔ یہود کے ایجنڈے کو پورا کرنے پر اوبامہ کو امن کا نوبل انعام دیا گیا ہے۔ ہمیں یہ پہچاننے کی ضرورت ہے کہ ہم کس کی جنگ لڑ رہے ہیں۔ ملک میں امن کے قیام اور خودکش حملوں کی روک تھام کے لیے ضروری ہے کہ جبر اور قوت کا استعمال ختم کر کے مذاکرات کا راستہ اختیار کیا جائے۔ امریکہ کی جنگ میں جو دراصل عالم اسلام کے خلاف صلیبی جنگ کا حصہ ہے، ہر طرح کے تعاون سے انکار کر دیا جائے۔ امریکہ کے اس خطے سے جائے بغیر یہاں امن قائم نہیں ہو سکتا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے لیے کامیابی کا ایک ہی راستہ ہے کہ ہم واشنگٹن کی اطاعت چھوڑ کر اللہ کی غلامی اختیار کریں، سابقہ گناہوں پر توبہ کریں اور اپنی زندگیوں اور اس ملک میں شریعت کا نظام قائم کریں جس کے بغیر اللہ اور اس کے دین کے ساتھ وفاداری کا تقاضا ہرگز پورا نہیں ہوتا۔ (11-دسمبر 2009ء)

2- این آر او کو ناجائز اور غیر آئینی قرار دینا اسلامی اقدار اور عوامی امنگوں کے مطابق ہے۔ امیر تنظیم اسلامی حافظ عاکف سعید سپریم کورٹ کے این۔آر۔او کے حوالہ سے فیصلہ پر تبصرہ کر رہے تھے۔ اُنہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ کے اِس تاریخی فیصلے سے مستقبل میں کرپشن کے انسداد میں بڑی مدد ملے گی جو پاکستان میں تمام بُرائیوں اور خرابیوں کی جڑ ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ عوام آزاد عدلیہ سے یہ توقع رکھتے ہیں کہ وہ پاکستان، جو اسلام کے نام پر وجود میں آیا تھا، کے آئین سے تمام تضادات کو دور کرے گی اور اُن تمام شقوں کو خارج کرے گی جو اسلامی نظام کے قیام کے راستے میں حائل ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ ’’عدل‘‘ اِسلام کا کلیدی ورڈ ہے۔ اگر پاکستان میں اسلامی نظام قائم ہو جائے تو یقیناً معاشرے کے ہر طبقہ کو انصاف ملے گا اور خواص کا وسائل پر ناجائز تسلط اور عوام کی محرومیاں ختم ہو جائیں گی۔ (16-دسمبر 2009ء)

(جاری کردہ مرکزی شعبہ نشر و اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان)

تسلیم کرلی ہے، تبھی تو 2011ء میں فوجوں کی واپسی کا اعلان کیا ہے۔ اس اعلان کا مطلب یہ ہے کہ وہ افغانستان سے اپنی باعزت واپسی کا راستہ دیکھ رہے ہیں۔ دوسری جانب انہوں نے تیس ہزار مزید فوجی بھیجنے کا بھی اعلان کیا ہے۔ دونوں باتوں کے بیک وقت اعلان سے اوباما نے امریکی کانگریس میں ری پبلکن اور ڈیموکریٹس ارکان کے جذبات کا خیال رکھا ہے۔ البتہ یہ بات واضح ہے کہ تیس ہزار مزید فوجی طالبان کے مقابلے کے لیے نہیں، اس لیے کہ ساری دنیا کہہ رہی ہے کہ طالبان افغانستان کو نہ تو شکست ہوئی ہے اور نہ انہیں شکست دی جاسکتی ہے (ان شاء اللہ) بالآخر امریکیوں کو یہاں سے رسوا ہو کر نکلنا ہی پڑے گا۔ تازہ فوج جو بھیجی جارہی ہے، اُس کا ہدف پاکستان ہے۔ یہ فوج پاک افغان سرحد پر تعینات ہوگی۔ گویا گھیرا پاکستان کا تنگ کیا جارہا ہے۔ اوباما کی تقریر میں اسلام آباد، پشاور اور کراچی کے حوالے سے خطرات اور خدشات کی بات معنی خیز ہے۔ سوال یہ ہے کہ انہیں کس بات سے خطرہ ہے۔ خطرہ تو ہمیں ہے کہ اُن کی بلیک واٹر اور ڈائن کور جیسی ایجنسیاں ہمارے ملک میں خطرناک کھیل کھیل رہی ہیں، اور یہاں اپنے قدم جما رہی ہیں۔ اسی طرح امریکہ اسلام آباد میں بہت بڑے رقبے پر "منی پینٹاگون" بنا رہا ہے۔ اصل خطرہ تو ہمیں اُن سے ہے۔ وہ ہم پر دباؤ مزید بڑھا رہے ہیں۔ حال ہی میں امریکی ترجمان نے کہا ہے کہ اگرچہ پاکستان نے طالبان کے حوالے سے ہماری کچھ مدد کی ہے، لیکن اُس نے انہیں کچھ رعایتیں بھی دی ہیں۔ اب پاکستان کو یہ پالیسی بدلنا پڑے گی۔ اصولی اعتبار سے یہ بات درست ہے کہ حکومت پاکستان افغان پالیسی کو تبدیل کرے، یہ تو اہل پاکستان کا دیرینہ مطالبہ ہے۔ لیکن پالیسی کی یہ تبدیلی اُن خطوط پر نہ ہو جن پر کہ امریکہ چاہتا ہے۔ امریکہ تو کہتا ہے کہ اپنا رُخ پورے طور پر واشنگٹن کی طرف کرو۔ تمہاری فوج کے کچھ عناصر اور تمہاری حکومت کے کچھ محب وطن لوگ ایسے ہیں جو ہمارے قابو میں نہیں آرہے ہیں، انہیں لگام ڈالو، انہیں سیدھا کرو جبکہ اصل تبدیلی جو حالات کا اولین تقاضا ہے یہ ہے کہ ہم اپنا رُخ واشنگٹن سے ہٹا کر اللہ اور اُس کے دین کی طرف کردیں۔

یہ وقت اس بات پر غور کرنے کا ہے کہ ہم امریکہ کی جنگ کیوں لڑ رہے ہیں۔ وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ ہم کرایے کی فوج نہیں کہ ہماری کارکردگی جانچنے کی باتیں ہورہی ہیں۔ سوال یہ ہے کہ اگر آپ فی الواقع کرایے کی فوج نہیں تو پھر امریکہ آپ کو امداد کس بات کی دے رہا ہے۔ عملاً تو صورتحال وہی ہے جس کی آپ نفی کر رہے ہیں۔ آپ خود کہتے ہیں کہ ہم امریکہ کے فرنٹ لائن اتحادی ہیں۔ یہ کرایے کی فوج کا کردار نہیں تو اور کیا ہے؟ کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ کیری لوگر بل کے تحت ہمیں جو امداد مل رہی ہے کہ وہ اسی بات کے عوض مل رہی ہے کہ ہم امریکی جنگ میں اُس کے پارٹنر بنے اور اُس کی خوشنودی کے لیے اپنے فوجیوں اور اپنے شہریوں کے خون کا نذرانہ پیش کرتے رہے۔ اسی لیے تو اُن کی "Do more" کی منحوس تکرار رکنے کا نام نہیں لیتی۔ ہماری فوج یقیناً بہت اعلیٰ ادارہ ہے، مگر افسوس کہ ہمارے حکمرانوں نے اُسے کرایہ کی فوج کے طور پر استعمال کیا ہے۔ اس وقت ملک میں دہشت گردی کی جو لہر ہے یہ اپنے ہی شہریوں کے خلاف فوج کشی کا ردعمل ہے۔ یہ الگ بات ہے کہ میڈیا کے ذریعے اصل حقائق پر پردہ ڈال کر توپوں کا رُخ طالبان کی جانب موڑ دیا گیا ہے۔ تاکہ عوام یہ سوچ ہی نہ سکیں کہ یہ سب کچھ کیوں ہو رہا ہے۔ اگر یہ ردعمل نہیں ہے تو پھر سوال یہ ہے کہ نائن الیون سے پہلے یہ سب کچھ کیوں نہیں تھا۔ حقیقت یہ ہے کہ قبائلی بھائی پاکستان کے انتہائی وفادار ہیں، یہ ملک کے دشمن نہیں۔ آپ آج بھی پاک فوج کو اپنے لوگوں کے خلاف فوج کشی کی صورتحال سے نکالیں، اپنی عظیم فوج پر سے کرایے کی فوج کا لیبل ہٹائیں، اور امریکی جنگ سے باہر آجائیں، تو یہ ساری شورش ختم ہوجائے گی۔

امریکہ کی نئی افغان پالیسی دراصل پاکستان کے گھیراؤ کی پالیسی ہے

تیس ہزار تازہ فوج جو بھیجی جارہی ہے، اُس کا ہدف پاکستان ہے۔ یہ فوج پاک افغان سرحد پر تعینات ہوگی

سانحۂ کربلا

قیمت 25 روپے

حضرت حسین رضی اللہ عنہ کی عزیمت وعظمت کی صحیح تصویر

اور

شہیدِ مظلوم رضی اللہ عنہ

قیمت 30 روپے

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے مناقب اور آپؓ کی مظلومانہ شہادت کے بیان پر جامع تالیف

بانئ تنظیم اسلامی

ڈاکٹر اسرار احمد

کی دو جامع اور مختصر مگر عام فہم اور محققانہ تاریخی کتابوں کا مطالعہ کیجئے

دونوں کتابوں کے سیٹ کی مجموعی قیمت اشاعت خاص: 50 روپے (علاوہ ڈاک خرچ)

مکتبہ خدام القرآن لاہور

36۔کے ماڈل ٹاؤن لاہور فون: 3-35869501 e-mail:maktaba@tanzeem.org

پاکستان خودکشی کے راستے پر!

ظفر عمر خان فانی

پاکستان میں جاری موجودہ خانہ جنگی نے تاریخِ اسلام کے اس طالب علم کو اسلام کے ابتدائی زمانے کا ''دورِ فتن'' (مسلمانوں کی خانہ جنگی کا دور) یاد دلایا جو خلیفہ سوم حضرت عثمانؓ کی مظلومانہ شہادت سے شروع ہوا تھا۔ حضرت عثمانؓ یہودی عبداللہ بن سبا کی سازش کے نتیجے میں شہید ہوئے تھے اور موجودہ دورِ فتن بھی یہودیوں کی نیویارک کے ورلڈ ٹریڈ ٹاور گرانے کی سازش سے شروع ہوا ہے، جس کا ثبوت خود امریکہ کے محققین نے مہیا کیا ہے۔ ٹاور ڈھانے کا الزام ''القاعدہ'' پر سب سے پہلے اسرائیل کے وزیر اعظم نے حادثہ کے چند گھنٹے بعد ہی لگا دیا تھا جس سے اس کے سازش میں شریک ہونے کا ثبوت ملتا ہے۔ اس کے بعد اِس الزام کو ہٹلر کے پروپیگنڈہ منسٹر گوبلز کے اس قول کے تحت کہ ''جھوٹ کو ہزار دفعہ دہراؤ، اسے سچ سمجھ لیا جائے گا''، مسلسل دہرایا جا رہا ہے۔ افغانستان کی بیدار مغز طالبان حکومت کا امریکہ کو یہ جواب کسی کو یاد نہیں کہ القاعدہ کے ٹاور گرانے کا ثبوت مہیا کرو تو اسامہ بن لادن کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ اس الزام کے جھوٹ ہونے کا ثبوت یہ بھی ہے کہ افغان حکومت کو ثبوت مہیا کرنے کی بجائے امریکہ نے بھیڑیے اور میمنہ کی حکایت کو تازہ کرتے ہوئے افغانستان پر حملہ کر دیا اور ''مومن کی فراست'' سے محروم پرویز مشرف کو بھی اپنا حامی اور مددگار بنا لیا۔ جس کا نتیجہ ہم آج پاکستان میں ہونے والی خانہ جنگی کی صورت میں بھگت رہے ہیں۔ دورِ فتن کی خانہ جنگی کا انجام کیا ہوا؟ جب 70 ہزار مسلمان مارے جا چکے تو دونوں طرف کے عقلمند لوگوں نے مسلمانوں پر یہ واضح کیا کہ اگر یہ خانہ جنگی جاری رہی تو مسلمانوں کی تمام فتوحات ضائع ہو جائیں گی۔ رومی اور ایران مسلمانوں کے مفتوحہ اپنے علاقوں کو واپس لے لیں گے۔ مسلمان بدترین شکست سے دوچار ہوں گے، جس کے نتیجے میں ان کی عورتیں کنیز اور بچے غلام بنا لیے جائیں گے۔ اس لیے خانہ جنگی کو ختم کرو اور معاملے کو مذاکرات سے نمٹاؤ۔ اس طرح یہ خانہ جنگی ختم ہوئی اور مسلمانوں کی فتوحات کا دور دوبارہ شروع ہوا۔

تاریخ سے سبق لیتے ہوئے پاکستان کے عقلمند لوگوں کو بھی شور مچانا چاہیے کہ یہ خانہ جنگی ختم کرو۔ امریکی ہتھیاروں کی مدد سے اگر پاکستان کے ''بازوئے شمشیر زن'' کو کاٹ دیا گیا تو اندیشہ ہے کہ پاکستان میں صرف دفتروں میں بابو اور زمین جوتنے والے کسان رہ جائیں گے، جن سے پاکستان کی حفاظت نہ ہو سکے گی اور بھارت مسلمانوں کا مفتوحہ اپنا علاقہ جسے پاکستان کہتے ہیں مسلمانوں سے واپس لینے میں کامیاب ہو جائے گا۔ (اس نے تقسیم ہند اب تک تسلیم نہیں کی ہے اور اکھنڈ بھارت بنانے کے لیے کوشاں ہے۔ اس لیے کشمیر کو نہیں چھوڑتا)۔ اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ مسلمان ہندوؤں کی نمک کی کان میں نمک بن جائیں گے۔ ان کا وجود اکھنڈ بھارت میں اس طرح مٹ جائے گا جس طرح بدھ مذہب کا مٹ گیا، جس کے بانی بھارت کے ہی مہاتما بدھ تھے اور جو راجہ اشوک کے زمانے میں اتنا پھیل گیا تھا کہ صرف کاشی، اجودھیا متھرا وغیرہ چند شہروں اور راجپوتانہ کی ریاستوں میں ہی ہندو مذہب باقی رہ گیا تھا۔ باقی سارے بھارت میں سری لنکا تک لوگ بدھ مذہب کے پیرو تھے۔ اس لیے بھارت کے بودھوں اور اسپین کے مسلمانوں کے حشر سے ہمیں سبق حاصل کرنا چاہیے اور امریکہ کی غلام حکومت کا کردار ادا کرتے ہوئے ملکِ خداداد پاکستان کی تباہی کا عمل فی الفور ترک کر دینا چاہیے۔ اس کے لیے پہلا قدم کیری لوگر قانون کے تحت امریکن امداد مسترد کرنے کا ہونا چاہیے، اس کے بعد ہی ہم امریکہ کی کرایہ کی فوج ہونے کا لیبل اپنے اوپر سے اتارنے اور امریکہ سے برسرِ پیکار افغانستان سے پاکستان تک پھیلے ہوئے مجاہدین آزادی سے بات کرنے کے قابل ہو سکیں گے۔

یہاں یہ بات دہرا دی جائے کہ تمام آثار سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ پاکستان کو مسلمانوں کی عظمتِ رفتہ بحال کرنے کے لیے وجود میں لایا ہے، اس لیے پاکستان کا امریکہ، بھارت اور اسرائیل کے مسلمان دشمن اتحاد میں شامل ہونا منشائے الٰہی کے سراسر خلاف ہے۔ وہ جس قدر اس اتحاد سے باہر آ جائے، اس کے لیے بہتر اور اللہ تعالیٰ کی رضا کا موجب ہوگا۔ ان شاء اللہ

☆☆☆

پس چہ باید کرد

پاکستانی مسلمانوں کے لیے انتباہ

محمد شفیق

بدقسمتی سے ایک طرف کردار، دیانت، امانت اور اسلامیت سے مکمل عاری قومی قیادتیں ہیں اور دوسری طرف بحیثیت قوم ہماری انفرادی واجتماعی سرکشیوں، بے حیائیوں، فحاشیوں الغرض لاتعداد بداعمالیوں کے مناظر ہیں۔ ہم گمراہی، بے ایمانی، مفاد پرستی، ملک دشمنی، فتنہ و فساد، بغاوت اور جاہلیت کی آخری حدوں کو چھو رہے ہیں۔ امر بالمعروف و نہی عن المنکر کا کوئی تصور ہے نہ تبلیغ۔ سارا زور محض عبادات پر دیا جا رہا ہے۔ حقوق العباد اور معاشرتی اصلاح وفلاح سے ہم قطعاً لاتعلق ہو چکے ہیں۔ حالانکہ منکرات سے چشم پوشی خدائے بزرگ و برتر کے ہاں ناقابلِ معافی جرم ہے۔ ایسا لگتا ہے کہ دستورِ خداوندی کے مطابق اُس کی ناراضگی اور انتقام میں بھی مزید شدت کے آثار نمودار ہونا شروع ہو گئے ہیں، جو کسی بھی لمحہ عبرت ناک سزا و عذاب کا موجب بن سکتا ہے۔ یہ المناک دہشت گردی اور آگ و خون کی ہولی، والدین کی ناقدری، تفرقہ ونفاق، بے سکونی اضطراب، رزق کی کمی وگرانی، خشک سالی، غربت وافلاس، خوف، ذلت و مسکنت، بدعنوان اور اسلام سے بے بہرہ حکمران، لوٹ مار اور نفسا نفسی وغیرہ یہ سب کیا ہے۔ یہ عذابِ الٰہی کی شکلیں ہیں، لیکن ہمیں اس کا احساس نہیں۔ ہم اپنے ہی موج میلوں میں مگن ہیں۔

اللہ جل جلالہ کو راضی کرنے اور عذابِ عظیم کو ٹالنے کی اب صرف ایک ہی صورت رہ گئی ہے کہ پوری قوم گڑگڑا کر اپنے گناہوں کی معافی مانگے اور سچی توبہ کرے۔

☆☆☆

ہمارے ہاں دورۂ ترجمہ قرآن کے پروگرام کیبل پر بھی نشر ہو رہے ہیں

اللہ کی سب سے بڑی نعمت ہدایت ہے اور ہدایت کا سرچشمہ قرآن حکیم ہے

مدرسین کی تعداد بڑھنی چاہیے، تاہم تعداد کے ساتھ ساتھ کوالٹی پر بھی توجہ دینی چاہیے

دورۂ ترجمہ قرآن کے پروگراموں کے حوالے سے

قرآن اکیڈمی ڈیفنس کراچی کے ناظم تعلیمات

جناب شجاع الدین شیخ سے انٹرویو

ملاقات: محمد سمیع

(گزشتہ سے پیوستہ)

س: میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ مساجد انتظامیہ سے بالعموم ہمیں تعاون نہیں ملتا۔ اگر ملتا بھی ہے تو معدودے چند مساجد سے۔ آپ کا کیا خیال ہے، اس سلسلے میں ہماری کوششوں میں کچھ کمی ہے؟

ج: کوششیں ہوئی ہیں۔ مگر بسا اوقات ہمیں رسپانس نہیں ملتا۔ شہری علاقوں میں رسپانس بہت کم ہے۔ مضافاتی علاقوں یا گاؤں، دیہات میں تو پھر بھی کچھ امکانات پیدا ہو جاتے ہیں۔ لیکن میرا مشورہ یہ ہے کہ ہمیں کوشش میں کمی نہیں کرنی چاہیے۔ بعض اوقات کوششیں بارآور ثابت ہو جاتی ہیں مثلاً شادمان ٹاؤن نمبر 2 کی جامع مسجد میں میں جمعہ کی نماز پڑھا رہا ہوں۔ کچھ لوگوں کا خیال یہ ہے کہ بھائی اس مسجد میں تو کسی اور کو ہونا چاہیے تھا۔ لیکن مسجد کمیٹی کے افراد کے دل میں اللہ تعالیٰ نے یہ بات ڈال دی۔ اس مسجد میں اندازاً چھ ساڑھے چھ ہزار نمازیوں کی گنجائش ہے۔ یہاں ہمارے ایک بہت پیارے ساتھی عطاء الرحمن عارف ہیں جو مسجد کے پڑوس میں رہتے ہیں۔ ان کے مسجد کمیٹی کے لوگوں سے تعلقات بھی بہت اچھے ہیں۔ جماعت اسلامی اور تبلیغی جماعت کے لوگ بھی ہیں، جن کے ساتھ ان کا ملنا جلنا ہے اور محلہ داری کا معاملہ بھی ہے۔ یہ وہ خصوصی نتائج ہیں رابطے رکھنے کے، رواداری کے جس نے مسجد کمیٹی کے لوگوں کے دل میں ہمارے لئے نرم گوشہ پیدا کر دیا۔ رمضان المبارک میں اس مسجد میں قرآن کریم کے خلاصے کے پروگرام بھی ہوتے ہیں۔ یہ ہمارے سامنے ایک مثال ہے۔ اگر ہمارے رابطے علماء سے یا مسجد کمیٹی کے لوگوں سے بڑھیں گے تو خیر کے ساتھ تعاون کرنے والے لوگ ہمیں ہر جگہ ملیں گے۔ لہٰذا میرا یہ مشورہ ہے کہ ہمارے رابطوں میں اضافہ ہونا چاہئے۔ کوششیں بھی ہونی چاہئیں، تاکہ اللہ کی مدد حاصل ہو سکے۔

س: دورۂ ترجمہ قرآن کا مستقبل آپ کو کیسا نظر آتا ہے؟

ج: قرآن تو ان شاء اللہ قیامت تک عالم انسانیت کو ہدایت ربانی فراہم کرتا رہے گا۔ دین کی یہ دعوت رکے گی نہیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ وہ اس نور کا اتمام کر کے رہے گا خواہ کافروں کو کتنا ہی برا لگے۔ مسئلہ یہ ہے کہ ہم یہ سعادت حاصل کر سکیں گے یا نہیں۔ دیکھئے، ہمارا رشتہ اس سے کمزور پڑ رہا ہے تو اللہ تعالیٰ غیر مسلموں کو قرآن پڑھ کر اسلام قبول کرنے کی سعادت نصیب فرما رہا ہے اور پھر ان نومسلموں کو مبلغ قرآن بنا رہا ہے۔ ڈاکٹر ذاکر نائیک جو پیس ٹی وی پر کام کر رہے ہیں۔ اُن کی تبلیغ سے کئی بڑے اسکالرز ایسے آئے ہیں جو پہلے غیر مسلم تھے۔ قرآن پڑھ کر انہوں نے اسلام قبول کیا اور پھر خود قرآن کے مبلغ بن گئے۔ قرآن یہ کہتا ہے کہ اگر تم نے رخ پھیرا تو اللہ تعالیٰ تمہاری جگہ کسی اور کو کھڑا کر دے گا۔ دورۂ ترجمہ قرآن کا مستقبل دراصل قرآن کا مستقبل ہے۔ قرآن کا مستقبل تو تابناک ہے۔ توجہ طلب بات یہ ہے کہ ہم اس میں کتنی محنت کر رہے ہیں۔

س: دورۂ ترجمہ قرآن کے حوالے سے پچھلی ربع صدی کے تجربے میں ہم کہاں کھڑے ہیں۔

ج: 1998ء میں تنظیم میں شامل ہوا تھا۔ اس لیے ربع صدی کی بجائے 98 کے بعد کی بات کرتے ہیں۔ اُس سال ڈاکٹر صاحب نے قرآن اکیڈمی ڈیفنس میں دورۂ ترجمہ قرآن کیا تھا۔ 1999ء میں غالباً دو جگہ کراچی شہر میں یہ پروگرام ہوئے تھے۔ 2000ء میں تین یا چار مقامات میں یہ پروگرام ہوئے تھے۔ الحمد للہ، امسال کراچی شہر میں 10 مقامات پر مکمل دورۂ ترجمہ قرآن اور 8 مقامات پر خلاصہ مضامین قرآن کے پروگرام ہوئے۔ اس کے علاوہ میرے علم کی حد تک دو چار ساتھیوں نے انفرادی طور پر یہ مبارک محفلیں منعقد کیں۔ پھر حلقہ خواتین کے کتنے ہی پروگرام ہوئے۔ یہ تو ہوئیں تنظیم اسلامی سے وابستہ خواتین وحضرات کی مساعی۔ ہم سے جڑے ہوئے کتنے اور لوگ ہیں جو اگرچہ خود تو بیان نہیں کرتے البتہ وہ اپنے مقامات پر سی ڈیز اور کیسٹس چلا لیتے ہیں۔ یہ تو اللہ کی شان ہے، ہم کیا اور ہماری بساط کیا۔ میرے 2004ء کے دورۂ ترجمہ قرآن کی ریکارڈنگ ہوئی ہے۔ کراچی کے رضوان سوسائٹی کے علاقے میں خواتین نے 15 شعبان سے کیسٹس چلانے شروع کئے۔ آڈیو کیسٹس خواتین نے گھروں میں سنے ہیں اور اس کے بعد پیپرز چیک ہوئے اور ان کو سرٹیفکیٹس دیئے گئے ہیں۔ خواتین نے اپنے تاثرات بیان کئے کہ کس طرح اللہ تعالیٰ نے ان کے اندر قرآن کو اتارا ہے جس سے ان کی زندگیاں بدلی ہیں۔ 20-22 گھروں میں یہ سلسلہ چلا ہے اور 150-200 خواتین نے استفادہ کیا ہے۔ دورۂ ترجمہ قرآن کے پروگرام کیبل پر بھی نشر ہو رہے ہیں۔ اللہ کے فضل وکرم سے یہ صورتحال ہے کہ ربع صدی کے بعد ہم اس مقام پر کھڑے ہیں کہ کتنی زندگیاں بدلیں، کتنے ہی لوگ اس کام میں شریک ہوئے۔ بہت سے ہیں جو باقاعدہ طور پر تنظیم سے وابستہ نہیں، پھر بھی اس کام میں شریک ہیں۔ بلا مبالغہ ایسے شرکاء اور کام کرنے والے سینکڑوں افراد ہیں اور نہ جانے کتنے ہزار افراد تک یہ دعوت پہنچ رہی ہے۔ ان شاء اللہ ہماری یہ محنت جاری رہے گی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم

سے یہ کام اور آگے بڑھے گا۔

س: برادرم نوید احمد صاحب کا یہ کہنا ہے کہ مدرسین کی تعداد میں اضافہ ہونا چاہئے، تاکہ اس پروگرام کو مزید وسعت حاصل ہو۔ آپ کا اس بارے میں کیا خیال ہے؟

ج: مدرسین کی تعداد بڑھنی چاہئے، اس میں کوئی دو آراء نہیں ہوسکتیں۔ میرا ذاتی مشورہ یہ ہے کہ ہمیں تعداد سے زیادہ کوالٹی کو مدنظر رکھنا چاہئے۔ اگر آج کے مدرس 18 سے 1800 بھی ہوجائیں تو کراچی کی دو کروڑ کو پہنچتی ہوئی آبادی کے لئے ناکافی ہوں گے۔ میں توجہ دلانا چاہوں گا کہ ان 18 مدرسین میں سے ایک دو ساتھیوں کو چھوڑ کر بقیہ تمام کے تمام وہ ہیں جو یکسالہ کورس سے گزر چکے ہیں۔ یکسالہ کورس بنیاد ہے۔ اس بنیاد پر ساتھی خود کو تعمیر کرتے ہیں۔ ہمارے پاس الحمد للہ تنظیم کا پورا نظم موجود ہے۔ اسروں کی سطح پر سال بھر حلقہ قرآنی میں دروس ہوتے ہیں۔ اس کو مزید سنوارنے کی ضرورت ہے، جس سے وہ آگے بڑھیں گے۔ اصل میں یکسالہ کورس رفقاء تنظیم کے لئے شروع کیا گیا تھا، تاکہ وہ اس حدیث مبارکہ کے مصداق بنیں کہ تم میں سے بہترین وہ ہے جو قرآن سیکھے اور سکھائے۔ اس اعتبار سے میں سمجھتا ہوں کہ یکسالہ کورس کو مزید بہتر بنانے کی کوشش کی جائے۔ اب تک کراچی میں یہ پروگرام تین مقامات پر چل رہے ہیں۔ اس وقت جو کورس جاری ہے، اس میں اوسطاً 70 طلبہ شریک ہوئے ہیں۔ یہ وہ ساتھی ہیں جنہیں ہم سنوارتے ہیں۔ اس سال ہم نے حلقہ کراچی شمالی کی سطح پر بنیادی دینیات کا کورس شروع کیا ہے۔ اس میں پڑھانے والے اکثر ساتھی وہ ہیں جو یکسالہ کورس سے فارغ ہیں۔ ان کی شام کے اوقات میں اس کورس کے ذریعہ grooming ہوتی ہے۔ ان میں سے ہم نے ایک دو ساتھیوں کو یکسالہ کورس میں پڑھانے کا موقع دیا ہے۔ ان کو بڑی سطح پر بطور مدرس اتارنے کا پروگرام ہے۔ رہا چھوٹی سطح کا معاملہ، کراچی میں بلا مبالغہ اسروں کی سطح پر 100 سے زیادہ حلقہ قرآنی چل رہے ہیں، جہاں ہمارے ساتھی بیان کررہے ہیں۔ یکسالہ کورس، وہاں سے نکلے ہوئے لوگوں کو شام کے اوقات میں مصروف کرنا، یہ اگر ہم مستقل کرتے رہیں گے تو ان شاء اللہ یہیں سے ہمیں ساتھی ملیں گے جو قرآن حکیم کا ترجمہ بیان کریں گے۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ ہر سال مدرسین میں اضافہ ہو رہا ہے۔ اس سال دو بہت اچھے اضافے ہمارے سامنے آئے ہیں۔ ایک ڈاکٹر سید سعد اللہ اور دوسرے ارشد حسین۔ یہ یکسالہ کورس سے نکلے ہوئے ساتھی ہیں۔ انہوں نے خود بھی ماشاء اللہ محنت کی ہے، لیکن بنیاد یکسالہ کورس ہے۔ ایسے ساتھیوں میں ہر سال ان شاء اللہ اضافہ ہوتا رہے گا، لیکن یاد رہے تعداد کے ساتھ کوالٹی پر بھی ہماری توجہ ہونی چاہئے۔

س: آپ قارئین کو اس حوالے سے کیا پیغام دینا چاہیں گے؟

ج: رفقاء تنظیم کے علاوہ ان ساتھیوں کے لیے جو ہماری کتابیں، جرائد، سی ڈیز وغیرہ سے استفادہ کرتے رہتے ہیں اور باقی تمام لوگوں کے لئے میرا پیغام یہ ہے کہ طلب ہدایت کی نیت سے قرآن کا مطالعہ کریں۔ اللہ تعالیٰ کی سب سے بڑی نعمت قرآن کریم ہے، جو کتاب ہدایت ہے۔ قارون کے پاس دولت تھی، ہدایت نہیں تھی، لہٰذا زمین میں دھنسا دیا گیا۔ فرعون کے پاس اقتدار تھا، ہدایت نہیں، غرق کردیا گیا۔ ابولہب کے پاس خوبصورتی تھی، سرمایہ تھا، ہدایت نہیں تھی، برباد کردیا گیا۔ سب سے بڑی نعمت ہدایت ہے اور ہدایت کا سرچشمہ قرآن کریم ہے۔ سب سے بہترین اسوہ نبی کریم ﷺ کا ہے۔ بہترین زندگی اور مقصد زندگی اللہ کے رسول ﷺ کا ہے۔ ہمارا مقصد زندگی بھی وہی ہونا چاہئے جو اللہ کے رسول ﷺ کا تھا۔ آپ نے فرمایا کہ تم میں سے بہترین شخص وہ ہے جو قرآن سیکھے اور دوسروں کو سکھائے۔ قرآن مجید کے مسلمانوں پر وہ حقوق جو محترم ڈاکٹر صاحب نے بیان کئے ہیں۔ یعنی دل سے اس پر پرا ایمان ہو، اس کی باقاعدہ تلاوت کی جائے، اس کو سمجھنے کی کوشش کی جائے، اس پر عمل کرنے کی اور اس کے احکامات کے نفاذ کے لئے جدوجہد کی جائے اور اس کے پیغام کو دوسروں تک پہنچایا جائے، اللہ کرے ہماری زندگیاں اسی کے لئے وقف ہوجائیں۔ اس سے بہتر کوئی کام نہیں ہوسکتا۔ یہ وہ کام ہے جس میں حضور نبی کریم ﷺ کی حیات مبارکہ گئی۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو پورے خلوص و اخلاص کے ساتھ اسی محنت میں لگے رہنے اور اس حدیث کا مصداق بننے کی توفیق عطا فرمائے کہ تم میں سے بہترین وہ ہے جو قرآن سیکھے اور سکھائے۔

برادرم شجاع الدین شیخ صاحب! آپ کا بہت شکریہ کہ آپ نے اپنی گوناگوں مصروفیات میں سے اس انٹرویو کے لئے وقت فارغ فرمایا۔

آپ کا بھی شکریہ۔ جزاک اللہ خیر

☆☆☆

رفقاء متوجہ ہوں

ان شاء اللہ "جامع مسجد العابد، حیات سرور روڈ گوجر خان" میں

3/جنوری (بروز اتوار) نماز عصر تا 9/جنوری 2010ء بروز ہفتہ نماز ظہر

مبتدی تربیت گاہ

اور 8/جنوری (بروز جمعہ) نماز عصر تا 10/جنوری (بروز اتوار) نماز ظہر

امراء ونقباء تربیتی ومشاورتی اجتماع

منعقد ہو رہا ہے۔ زیادہ سے زیادہ رفقاء ان میں شامل ہوں۔

موسم کی مناسبت سے بستر ہمراہ لائیں

برائے رابطہ: مشتاق حسین 0322-5225354/0333-5133598

المعلن: مرکزی شعبہ تربیت: (042)36316638-36366638
0321-7761916

افغانستان پر روسی قبضہ، امریکہ اور اقوام متحدہ

اگر افغانستان پر موجودہ امریکی قبضہ کے ناجائز اور اس کے خلاف مزاحمت کے جائز ہونے کو صحیح طور پر دیکھنا ہو تو پھر اس سلسلہ میں تمام تاریخی اور دیگر متعلقہ حقائق کو تفصیلاً مدنظر رکھنا ہوگا

عابد اللہ جان کی معرکہ آرا کتاب
"Afghanistan: The Genesis of the Final Crusade"
کا قسط وار اردو ترجمہ

ترجمہ: محمد فہیم

موسم خزاں 1987ء میں نجیب اللہ نے قومی مفاہمت کے سلسلہ میں اپنی پیش کش کو اور وسعت دے دی۔ پارٹی کانفرنس کے موقع پر انھوں نے جمہوری وحدت، کولیشن اور حزب اختلاف کے لیے مزید نشستوں کی پیشکش کردی۔ انھوں نے خصوصی طور پر امریکہ کے حمایت یافتہ سات گروہوں کے اتحاد کا نام لے کر اپیل کی۔ یہ بھی پیشکش کی گئی کہ حزب اختلاف کو اپنے دفاتر کھولنے اور اپنے اخبارات شائع کرنے کی اجازت دی جائے گی بشرطیکہ وہ امریکہ کی پشت پناہی میں جاری "جہاد" سے دست برداری کا اعلان کردے۔ یہ ماننے کے بعد کہ سوویت افواج بعض چھاؤنیوں سے ملحقہ علاقوں سے نکل گئی ہیں، نجیب اللہ نے اعلان کیا کہ روسی افواج کے مکمل انخلاء کے بعد حکومتی فوجیں اپنی کارروائیاں ان علاقوں میں بند کردیں گی جہاں جہاں مجاہدین اپنے حملے روک دیں گے۔ نومبر کے مہینے میں منعقدہ جرگہ کے موقع پر نجیب اللہ نے کہا کہ اگر مجاہدین "جہاد" سمیٹ لیں، تو سوویت افواج 12 مہینے یا اس سے بھی کم مدت میں واپس چلی جائیں گی۔ تاہم یہی موقع تھا، جب مجاہدین نے امریکہ کے اصرار پر اپنے حملوں کو مزید بڑھایا اور ہر پیشکش کو ٹھکرادیا۔ اس ضمن میں جو اصول اپنایا گیا وہ یہ تھا کہ "کسی ایسی حکومت سے بات نہیں ہوگی جو قابض افواج نے قائم کی ہو، جہاد جاری رہے گا"

میڈیا کے تمام ذرائع روس کی قائم کردہ حکومت کے مخالفین پر ہونے والے تشدد اور غلط سلوک کو نمایاں کرتے رہے۔ اقوام متحدہ کی طرف سے بھی حسب معمول ان حرکات کی مذمت کی جاتی تھی، جبکہ آج امریکہ کے قائم کردہ افغانستان کے اندر اور باہر جنگی قیدیوں کے مراکز میں تشدد ایک معمول کی بات ہے۔ امریکی سرکاری رپورٹوں میں عام حالات کو بھی بڑھا چڑھا کر بیان کیا جاتا تھا، جہاں پر مقید مجاہدین کے ساتھ باہر کسی کو بھی رابطہ کی اجازت نہ تھی۔ آج خود امریکی نائب صدر ٹارچر اور دہشت کا حکم دیتا ہے۔ افغانستان پر روسی قبضہ کے دوران حکومت مخالف لوگوں سے "اقرار جرم" کروانے کے لیے "جسمانی تشدد" اور "نفسیاتی حربوں" کے استعمال کے خلاف امریکہ شکایت کا کوئی موقع ہاتھ سے جانے نہیں دیتا تھا۔ آج امریکہ اور اس کے حلیف ہر قسم کے تشدد کو مکمل طور پر جائز اور قانونی گردانتے ہیں۔ مثال سامنے ہے، جب اقوام متحدہ اور اس کے سیکرٹری جنرل گوانتاناموبے میں قیدیوں کے مراکز کو بند کرنے کا کہتے ہیں تو امریکہ اسے ایک غلط مطالبہ قرار دیتا ہے۔ آج انسانیت کے نام پر تمام اپیلوں اور شکایت کو رد کیا جاتا ہے۔ آج کے انسانی "رحمدلانہ" سلوک کے تحت قیدیوں کو بجلی کے کرنٹ دینا، سگریٹ سے داغنا، ٹھنڈے پانی یا برف میں غوطے دینا، دوسرے لوگوں کو تشدد کے وقت دیکھنے پر مجبور کرنا، اور ہلاک شدہ لوگوں کی لاشوں کے ساتھ کال کوٹھڑیوں کی تنہائیوں میں بیٹھنے پر مجبور کرنا، پانی خوراک اور نیند سے محروم رکھنا وغیرہ چند ایسی شرمناک حرکتیں ہیں، جنھیں کرزئی کے مخالفین سوویت یونین کے "مظالم" کے ساتھ ضرور موازنہ کرانا چاہیں گے۔

"جہاد" کے زعماء کو اس بنیاد پر اسلامی سربراہی کانفرنسوں میں شرکت کی اجازت دی جاتی رہی کہ کابل میں حکومت قابض فوجوں کی بنائی ہوئی حکومت تھی۔ ان کے نمائندوں کو مندوبین سے خطاب کی کھلی اجازت ہوا کرتی تھی۔ جبکہ او آئی سی افغان حکومت کی ہر سال کانفرنس میں اپنی سیٹ کو دوبارہ حاصل کرنے کی کوششوں کو ناکام بنادیتی تھی۔

کرزئی حکومت کی عالمی سطح پر قانونی حیثیت کو تسلیم کرنے کے برعکس روسی پشت پناہی میں قائم شدہ افغان حکومت کو بین الاقوامی سطح پر اس کی قانونی حیثیت کو تسلیم کرانے کی کوششوں کو 1987ء میں بہت محدود کامیابی حاصل ہوسکی۔ حکومت نے 52 ملکوں میں اپنے نمائندے بھیج دیے، تاکہ ان کے ساتھ تعلقات میں بہتری آسکے۔ بہت سے ملکوں نے کابل کے نمائندوں کو واپس کردیا۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ اسلام دشمن اور کارپوریٹ دہشت گردوں نے ان سالوں کے دوران کتنا مضبوط ہوم ورک کیا ہے، جس کے نتیجے کے طور پر دُنیا کو "کالا" اب "سفید" نظر آنے لگا ہے۔ آج کے قبضے (Occupation) کو آزادی (Liberation) اور جاری مظالم کو جمہوریت کا نام دیا جاتا ہے۔

بعض لوگ یہ دلیل دیتے ہیں کہ افغانستان پر قبضہ کی منظوری تو سلامتی کونسل نے دی ہے۔ اگلے باب میں ہم دیکھیں گے کہ حقیقت ایسی نہیں، لیکن بفرض محال اگر ایسا ہے بھی تو ایسی کسی بھی منظوری کو سند جواز حاصل نہیں ہوگی اور یہ بے معنی بات ہوگی، کیونکہ اسی سلامتی کونسل نے عراق پر بھی پابندیاں عائد کرکے لاکھوں بچوں کی ہلاکت کا سامان کردیا۔ عراق کے متعلق اقوام متحدہ کی قراردادیں جھوٹ اور غلط اطلاعات کی بنیاد پر مبنی تھیں اور ان کی وجہ سے 8 لاکھ بے گناہ عراقی موت کے منہ میں چلے گئے۔ اس کے باوجود اقوام متحدہ کو یہ بیچ نظر ہی نہیں آتا کہ عراق میں کوئی بھی ہلاکت خیزی والے ہتھیار (WMD) نہیں تھے۔

> **اقوام متحدہ کا ادارہ جس نے ریاست ہائے متحدہ امریکہ کے جنگی جرائم اور دوسرے ملکوں پر قبضہ جیسے جرائم پر آج چپ سادھ رکھی ہے، افغانستان پر سوویت قبضہ کے دنوں میں بڑی گرمجوشی دکھارہا تھا**

اقوام متحدہ کا ادارہ جس نے ریاست ہائے متحدہ امریکہ کے جنگی جرائم اور دوسرے ملکوں پر قبضہ جیسے جرائم

پرچپ سادھ رکھی ہے سالانہ بنیادوں پر اس قبضہ میں توسیع کی منظوری دیتا رہا ہے، وہی اقوام متحدہ افغانستان پر سوویت قبضہ کے دنوں میں بڑی گرمجوشی دکھا رہا تھا۔ جنوری 1980ء سے 1987ء تک اس کی جنرل اسمبلی نے افغانستان سے بیرونی افواج کے انخلاء اور افغانوں کے حق خود اختیاری کے سلسلہ میں قرار داد کے لیے 9 مرتبہ ووٹنگ کرائی اور ہر مرتبہ اسے بھاری اکثریت سے پاس کردیا۔ اسی ہی نے بیرونی افواج کے خلاف ''جہاد'' کو مکمل طور پر قانونی اور جائز قرار دیا۔ اقوام متحدہ کی بے بسی اس حقیقت سے عیاں ہے کہ اس کے سیکرٹری جنرل نے امریکی اور برطانوی جنگ کو''ناجائز'' قرار دیا ہے، لیکن اقوام متحدہ کو ابھی تک ایک بھی قبضہ مخالف (anti occupation) قرار داد یا روسی قبضہ کے دوران پاس ہونے والی قرار دادوں جیسی کوئی قرار داد پاس کرانے کی توفیق نہیں ہوئی۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ اقوام متحدہ کا اس قبضہ کے حق میں یا اس کے خلاف جواز کا فتویٰ بے معنی ہو کر رہ جاتا ہے۔ اگر افغانستان پر امریکی قبضہ کے ناجائز ہونے اور اس کے خلاف مزاحمت کے جائز ہونے کو صحیح طور پر دیکھنا ہے تو پھر اس سلسلہ میں تمام تاریخی اور دیگر متعلقہ حقائق کو تفصیلاً مدنظر رکھنا ہوگا۔

سوویت یونین کے افغانستان پر قبضہ اور اس کے خلاف مزاحمت کے متعلق امریکی پالیسی کی مختصر تلخیص ان الفاظ میں دی گئی ہے ''جب تک سوویت یونین کا قبضہ افغانستان پر جاری رہتا ہے، تب تک امریکی حکومت افغان قوم کے مفاد کے خاطر اپنی مدد جاری رکھے گا'' اس سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ امریکہ کے نزدیک ''افغانیوں کے مفاد'' کا کام سوویت یونین کے تحت نہیں ہوسکتا تھا۔

آج معاملہ وہ نہیں رہا۔ امریکہ دُنیا کو باور کرانے کی کوشش کر رہا ہے کہ آج افغان قوم اس (امریکہ) کے قبضہ کے تحت سوویت یونین یا طالبان دورِ حکومت کی بہ نسبت زیادہ بہتر زندگی گزار رہی ہے۔ حقیقت کی نظر سے دیکھا جائے تو روئے زمین پر ایسی کوئی قوم نہیں ملے گی جس کے مفادات کسی ایک یا دوسرے قبضہ کے تحت بہتر طور پر انجام پذیر ہو رہے ہوں۔ تاریخ انسانی کے کسی بھی قبضہ کی طرح امریکہ کا افغانستان پر قبضہ بھی ضرور بہ ضرور ایک دن اپنے انجام کو پہنچے گا۔ اب یہ ان لوگوں، جنہوں نے اس قبضہ کو جائز مانا ہے سوچنے کا مقام ہے کہ وہ احساس کریں کہ درحقیقت کوئی بھی بزورِ قوت قبضہ کبھی بھی جائز تسلیم نہیں کیا جاسکتا۔ (جاری ہے)

''شدت پسندی'' کا خاتمہ؟

رؤف اکبر

جب سے نائن الیون کا خودساختہ ڈرامہ ہوا ہے، تب سے اب تک پاکستان کے حکمران اور دیگر بااثر لوگ امریکہ کے ساتھ بڑھ چڑھ کر اپنی وفاداری کا اظہار کر رہے ہیں۔ غالباً اس وفاداری کا مقصد یہ ہے کہ پاکستان کے بااختیار لوگ صرف اپنے لیے جینا چاہتے ہیں۔ اگر وہ قوم اور ملک کے لیے جی رہے ہوتے تو اُن کا رویہ اور انداز یہ نہ ہوتا، بلکہ غیرت وحمیت پر مبنی ہوتا۔ لیکن بقول شاعران کا حال یہ ہے کہ ؏ غیرت نام تھا جس کا گئی تیمور کے گھر سے۔ اس بے حمیتی پر مشتمل وفاداری میں حکمران اتنے دور نکل گئے ہیں کہ ''شیطانِ بزرگ'' کی جنگ کو اپنی جنگ قرار دے رہے ہیں۔ اُس کے دشمن کو اپنا دشمن قرار دیا جا رہا ہے۔ اور اللہ اور رسول ﷺ کے دشمنوں کو اپنا دوست قرار دے کر اپنی مسلمانی کو بزور قوت تسلیم کروایا جا رہا ہے۔

یہ وفاداری افغانستان میں امریکی یلغار کا ساتھ دینے تک ہی محدود نہ رہی، بلکہ دھیرے دھیرے امریکہ کی جنگ کو اپنی جنگ قرار دے کر اپنے ملک میں منتقل کرلیا گیا ہے۔ اصل بات یہ ہے کہ ہمارے آقاؤں نے نائن الیون کا ڈرامہ رچایا ہی اصلاً ہمارے ایٹمی کمبل کو چرانے کے لیے تھا۔ گو ہمارا یہ خیال تھا کہ وہ ہماری وفاداری اور روشن خیالی سے خوش ہو کر مطمئن ہو جائے گا لیکن ہمارے ننگے پن کا یہ مظاہرہ غلام کی سوچ ثابت ہوا۔ لہٰذا ایک دفعہ بے غیرت ہونے کے بعد اب ننگے رہنے میں ہی عافیت نظر آتی ہے۔

اور اب حالت حضور ﷺ کی اس حدیث کے مطابق ہے کہ دجال جب نکلے گا تو اس کے ایک ہاتھ میں پانی ہوگا اور ایک ہاتھ میں آگ، تو جو اس کے پانی کو قبول کرے گا وہ جہنمی ہوگا اور جو اس کی آگ کو قبول کرے گا وہ جنتی ہوگا۔ آج امریکہ ہم سے کہہ رہا ہے کہ اگر پانی یعنی رزق لینا ہے تو ''شدت پسندی'' کا خاتمہ کرو۔ بقول آغا سعود حسین ''ہمیں امریکی بااثر بھکاریوں سے زیادہ اہمیت دینے کے لیے تیار نہیں ہیں۔ ان کا اتنا اصرار ہے کہ پاکستان کی حکومت اور فوج طالبان کے خلاف نبردآزما ہے بلکہ ان کا پاکستان سے اس طرح صفایا کرے کہ یہ عناصر افغانستان میں امریکہ اور نیٹو کے خلاف طالبان کی جاری جنگ کی حمایت نہ کرسکیں۔'' (اخذ کردہ ''امریکہ میں کچھ دن'' روزنامہ جنگ 20 جون 2009ء)

اگر بہ نظر غائر جائزہ لیا جائے تو یہ بات کھل کر ہمارے سامنے آتی ہے کہ افغانستان کی خلافت وامارت اسلامیہ کا خاتمہ اس لیے ہوا کہ وہ مغرب کے سیکولر جمہوری نظام کی خرابیوں سے پاک نظام تھا اور طالبان اس نظام حیات کو بہر صورت اختیار کرنے پر مصر تھے۔ اسلام دشمنوں کی نگاہ میں اسی کا نام ''شدت پسندی'' ہے۔ اسلامی نظام خلافت اور لادین جمہوریت میں کھلا اختلاف ہے۔ ایک نظام ایک اللہ کی حاکمیت کو ماننے والا ہے، اور دوسرا اس کا انکاری ہے۔ یہ بنیادی اصولی اختلاف باہمی کشمکش کا سبب تو ضرور بنے گا۔ کافرانہ نظام کے علمبرداروں کے ساتھ سختی تو دینی مزاج کا حصہ ہے۔ قرآن میں ہے: ''محمدؐ اور اُن ساتھی آپس میں نرم خو ہیں اور کفار کے مقابلے میں سخت۔''

بقول اقبال ؂

ہو حلقہ یاراں تو بریشم کی طرح نرم
رزم حق و باطل ہو تو فولاد ہے مومن

یہ ''شدت پسندی'' اہل کفر کو بہت ناگوار گزرتی ہے اور یہی وجہ ہے کہ اسلام کے سچے پیروکاروں اور جانفروشوں کو بہت سارے نام دینے کے بعد اب اُنھوں نے شدت پسند کا نام دیا ہے۔ اور ہمارے صاحب اختیار لوگوں کے منہ میں بھی یہ اصطلاح ڈال دی ہے۔ اور اب پاک فوج پلید اقوام کے لیے ''شدت پسندوں'' کے خاتمے کے لیے کمربستہ ہے۔ (یہ ایک الگ بحث ہے کہ کیا بندوق کے ذریعے غلبہ اسلام ہوسکتا ہے کہ نہیں) لیکن ایک بات طے ہے کہ امریکہ اور یہود کو ''شدت پسند'' قبول نہیں۔ اس لیے ہمارے ارباب اختیار نے طے کرلیا ہے کہ وہ اُن کو ختم کریں اور یہ کام ہو رہا ہے۔

اس ساری بحث کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ کفار خود بھی اسلامی نظام حیات چاہنے والوں سے برسرِ جنگ ہیں اور ہمیں بھی یہی حکم دے رہے ہیں کہ اسلامی اقدار اور نظام حیات چاہنے والے شدت پسندوں کو ختم کرو، مبادا ؏

ہو نہ جائے آشکارا شرع پیغمبر کہیں

عدل کی اینٹیں، بے انصافی کا گارا

اوریا مقبول جان

